به سرپرستی عالیجناب سید شاہ غلام سرور بیابانی مدظلہ العالی
سجادہ نشین بارگاہ سید شاہ افضل بیابانی رحمۃ اللہ علیہ قاضی پیٹھ
افضل چو بہر نعت بہ ورزید بگردید ✿ در اہل سخن با شرف عز و علای
کلام افضل
فارسی معہ اردو ترجمہ
ہادی رہروان شریعت دستگیر غواصان طریقت جامع علوم ربانی واقف رموز یزدانی
حضرت سید شاہ غلام افضل بیابانی قدس سرہ العزیز المتخلص بہ افضل
ترجمہ
سید خواجہ احمد اللہ حسینی بیابانی بی اے عثمانیہ
مقطعہ دار موضع گرلہ ویڑ ضلع ورنگل، اے۔ پی

۱۰۰۱/-

سر شاہ غلام سرور بیابانی مد ظلہ العالی
سید شاہ افضل بیابانی رحمۃ اللہ علیہ قاضی پیٹھ

بہ سرپرستی عالیجناب سید شاہ غلام سرور بیابانی مد ظلہ العالی
سجادہ نشین بارگاہ سید شاہ افضل بیابانی رح قاضی پیٹھ۔

# کلام افضل

فارسی مع اردو ترجمہ

ہادی رہروان شریعت و رہنمائے اصحاب طریقت جامع علوم ربانی
واقف رموز یزدانی حضرت سید شاہ غلام افضل بیابانی قدس سرہ العزیز
المتخلص بہ افضل

ترجمہ

سید خواجہ احمد اللہ حسینی بیابانی بی اے عثمانیہ
مقطعہ دار موضع گرلہ وڈی ضلع ورنگل۔ اے پی

---

نام کتاب: کلام افضل ـــ مصنف: حضرت سید شاہ غلام افضل بیابانی رحمۃ اللہ علیہ
ترجمہ: حضرت سید خواجہ احمد اللہ حسینی بیابانی۔ نظر ثانی: سید شاہ محمد تنویر الدین خدا نمائی افتخاری
ترتیب و پیش کش: سید خواجہ خلیل اللہ حسینی پرنسپال گورنمنٹ جونیر کالج چیریال
ضخامت: ۹۶ صفحات ـــ طباعت: بار اول سنہ ۱۹۹۴ء ماہ اگست ۲۶ صفر ۱۴۱۵ھ
تعداد: ۵۰۰ ـ کتابت: قیصر عادل آبادی ـ طباعت: دائرہ پریس بموقع عرس
ناشر: انجمن محبان اولیاء ورنگل

ہدیہ:

۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

# عرضِ حال

اللہ تبارک وتعالیٰ کا شکر واحسان ہے کہ اس نے آج ہمیں جناب اعلیٰ واقدس حضرت سید شاہ غلام افضل بیابانیؒ کے کلام کو مع ترجمہ طباعت سے آراستہ کرنے کا شرف بخشا۔ سیدی وآقای کو وصال فرماتے ہوئے نصف صدی کا عرصہ گذر گیا۔ ہر سال عرس شریف کے موقعہ پر ہمیں آپ کا کلام خصوصاً

منگر نجا لم یا غوث الاعظم شیخ العوالم یا غوث الاعظم

وغیرہ قوالوں سے سننے کو ملتا۔ سامعین پر وجدانی کیفیت کا عالم طاری رہتا جو بیان سے باہر ہے لیکن مجھ جیسے کم علم کو ایک تجسس لاحق تھا کہ سیدی ومولائیؒ کا کلام جو بزبانِ فارسی ہے اس کے معنی ومطالب اور اس کے رموز سے واقفیت حاصل کیجائے۔ شومئ قسمت کے لئے با امتداد زمانہ نے ہمیں اس قابل نہ رکھا کہ فارسی کو سمجھ سکیں۔

جب میں نے والدی سید خواجہ احمد اللہ حسینی صاحب کی خدمت عالیہ میں معروضہ پیش کیا تو ترجمہ کی صورت نکل آئی مشکل یہ تھی کہ والد محترم کی بینائی ساتھ نہ دینے کی وجہ سے مجھ ہی کو کلام صحیح طور پر پڑھنا تھا یہ مشکل تو طبع شدہ کلام سے حل ہوگئی جسمیں صرف ۴۵ کلام تھے جسمیں حمد، نعت، منقبت اور غزلیں شامل تھیں۔ والد محترم کے پاس ایک بیاض دستیاب ہوئی جس میں حضرت سید شاہ افضل بیابانیؒ کے کلام کے کوئی ۷۵ نسخے تھے اب مسئلہ پیچیدہ ہوگیا صحیح عبارت پڑھیں اور پھر ترجمہ ہو یہ بہرحال حضرت قبلہؒ کی کرامت ہی تھی کہ الحمد اللہ کر کے ترجمہ کا کام پورا ہوا اس کی طباعت کے لیے نظر ثانی ضروری تھی لیکن میرے والد محترم اس قابل نہیں تھے کہ اسکی تصحیح کر سکیں اس مشکل کو بھی ... کرم فرما سجادہ نشین بارگاہ رضویہ عالیہ حیدرآباد دکن عالیجناب

حضرت خواجہ محمد اوحد المعروف ابو الدیان صحابی شاہ بیابانی رفاعی القادری۔

سید شاہ اسرار حسین رضوی المدنی دامت برکاتہم نے حل کیا۔ عالیجناب سید محمد تنویر الدین شاہ صاحب خدانمائی افتخاری پروفیسر عثمانیہ یونیورسٹی کی نشاندہی فرمائی بلکہ مجھے اپنے خانقاہ کے ایک خاص آدمی کے ساتھ روانہ کیا جن کی توجہ خاص کی بدولت ترجمہ نظر ثانی ہوسکا جناب سجادہ صاحب روضۂ رضویہ عالیہ کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے۔

یہ کلام بھی مکمل نہیں ہے چونکہ ان اشعار کو جو پڑھے نہ جا سکتے تھے چھوڑ دیئے گئے ہیں۔ کوشش اس بات کی کی گئی ہے کہ حضرتؒ کا کلام ممکنہ صحت کے ساتھ ان کے عاشقوں کے ہاتھوں تک پہنچ جائے باوجود اس کے اگر کچھ فروگذاشتیں اور غلطیاں پائی جائیں تو اس کی ساری ذمہ داری ہم ناشرین پر ہوگی امید کہ قارئین ایسا کوئی تسامح اور کتابت وغیرہ کی غلطی پائیں تو ضرور مطلع کریں تاکہ آئندہ اڈیشن میں اس کی تصحیح کی جاسکے

آخر میں ان تمام حضرات کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس کتاب کی طباعت اشاعت میں دامے درمے سخنے قدمے حصہ لیا اور ہماری ہمت افزائی کی خصوصاً عالیجناب سید شاہ تنویر الدین صاحب خدانمائی افتخاری استاذ شعبہ فارسی آرٹس کالج جامعہ عثمانیہ کا جن کے تعاون سے ترجمہ پر نظر ثانی کی جاسکی اور اعتماد کے ساتھ آپ کے سامنے پیش کیا جارہا ہے آخر میں اگر حضرت سید شاہ غلام سرور بیابانی صاحب قبلہ دامت برکاتہم العالیہ سجادہ نشین بارگاہ سید شاہ افضل بیابانیؒ کا ذکر نہ کروں تو ناشکری ہوگی چونکہ حضرت موصوف کی تائید کو میں تائید غیبی سمجھتا ہوں پروردگار عالم ہمیں اپنی محبت اور عنایات سے ہر وقت سرفراز فرمائے۔

یہ تذکرہ بے محل نہ ہوگا کہ والد محترم سید خواجہ احمد اللہ حسینی صاحب ادام اللہ برکاتہم خدا ان کے سایہ کو ہمارے سر پر تادیر قائم رکھے چند ماہ پہلے حضرت نہایت علیل تھے اس شدید بیماری میں بھی ہمیشہ وہ یہ تذکرہ فرماتے رہے کہ حضرت کے کلام کا کیا ہوا کیا ہمارے سامنے چھپے گا یا ہمارے بعد چھاپو گے اللہ کا شکر ہے کہ وہ صحت یاب ہوگئے اور ان کی دیرینہ خواہش ان کے سامنے پوری ہوگئی اور حضرت سید شاہ

غلام افضل بیابانی قدس سرہٗ کا کلام معہ ترجمہ والد گرامی کی نظروں کے سامنے طباعت سے آراستہ ہوگیا۔ اس سے قبل آپ ہی کی توجہ اور جستجو کی وجہ سے حضرت سید شاہ افضل بیابانی رحمۃ اللہ علیہ قبلہ کے جد امجد حضرت سید شاہ فاضل بیابانی رحمۃ اللہ علیہ (رباطی قاضی پیٹ) کی تالیف پنج گنج کا ترجمہ بھی شائع ہو سکا۔ جس کی وجہ سے سلسلہ کی تعلیمات اردو داں طبقہ تک پہنچ سکیں

الحمد للہ علی ذالک

قارئین سے التماس ہے کہ دعائے خیر میں یاد رکھیں ۔

فقط

سید خواجہ خلیل اللہ حسینی
پرنسپال
گورنمنٹ جونیر کالج پڈاپلی ضلع کریم نگر

حضرت خواجہ عبدالوحید المعروف ابولبیان سبحانی شاہ بیابانی رفاعی القادری۔

# چند کلمات

بسم اللہ والسلام علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ اجمعین
اما بعد

حضرت شاہ کلام افضل بیابانی قدس اللہ سرہ العزیز کا مجموعہ کلام جو آپ کے ہاتھوں میں ہے جس کے بارے میں "کلام الملوک ملوک الکلام" کی طرح "کلام الافضل افضل الکلام" کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا "کلام الافضل" صوفیانہ شاعری کا ایک خوبصورت مرقع ہے اس کا بیشتر حصہ نعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم منقبت حضورِ غوث پاک رضی اللہ عنہ پر مشتمل ہے علاوہ ازیں صوفیانہ غزلیات بھی اس میں شامل ہیں نعت، منقبت، اور غزلیات سب ہی فراق، ہجر یار، شوق دیدار، تمنائے لقائے دلدار کے جذبات نمایاں نظر آتے ہیں۔ ہر جگہ آہ و نالہ قاری کے قلب و جگر پر اپنے اثرات مسلسل مرتب کرتا ہے. خصوصاً وہ مقامات جو نعت رسول کے درمیان آئے ہیں قابل دید ہیں رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف و توصیف کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے بڑے بڑے لسان اور قادر الکلام شعراء بھی اس میدان میں عجز کا اعلان کرتے ہیں شاعر دربارِ رسالت حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے لیکر حضرت شیخ سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ و علامہ جامی علیہ الرحمۃ و رضوان سب ہی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح کے وقت اپنے آپ کو عاجز پایا ہے غالب نے بڑے ہی پتے کی بات کہی

غالب ثنائے خواجہ بیزداں گزاشتیم — کاں ذات پاک مرتبہ داں محمد است

اے غالب! رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح و ثناء کو ہم خدا پر چھوڑتے ہیں اس لئے کہ سوا کوئی نہیں ہے حقیقت ذات گرامی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا جاننے والا خدا ہی ہے چنانچہ حضرت افضل قدس سرہ بھی مدح رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی منزل میں بے اختیار

کہہ اٹھتے ہیں کہ :

"عقل حیراں است در تعریف و توصیف و ثنا"

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار کی آرزو ان کے کلام میں ہر جگہ نظر آتی ہے بارگاہ الٰہی میں وہ یوں دعا کرتے ہیں

خواہم کہ بہ بینم رُخِ ماہ مدنی را
ایں آرزو بر آر خدایا دکنی را

اُنہیں جب فرقت اور دوری کا شدید احساس ہوتا ہے تو کہتے ہیں۔

افضل کہ بجان آدرہ از فرقت دوری　　کس عرضہ دہد شاہِ حجازِ یمنی را

جب شوقِ دیدار حد سے بڑھ جاتا ہے تو دیدار کی تمنا کرتے ہیں :

ماہِ مدنی بے تو بجانی کا در سیدہ　　باشد کہ شبی روئے منور بنمائی

ساتھ ہی ساتھ دیارِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے لیئے حضرت اقدس سرہٗ کی جو بے تابی ہے وہ عالمِ بے سر و سامانی کا اظہار قابل دید ہے کہتے ہیں :

پر دیا لے عطا فرما دیارِ مصطفیٰ بینم　　خدایا عاجز افضل آورد از عذر سامانی

جب تھک ہار جاتے ہیں تو کہتے ہیں :

اے حبیب اللہ نگاہ لطف گر بائے کنی　　افضل خستہ رہد از آفت صبح و مسا

آپ کا زمانہ عالمی انقلابات کا زمانہ تھا ساری دنیا سیاسی اتھل پتھل توڑ جوڑ اور عالمی جنگیں ہو رہی تھیں اور ان سب سے بدتر سانحہ جو امت مسلمہ پر گزرا تھا خلافت اسلامیہ کا ٹوٹنا متبعین نصاریٰ و یہود یعنی آل سعود نے نصاریٰ و یہود سے سازباز کر کے عالمی سازش کے ذریعہ اسلامی خلافت کے نظام کو توڑ دیا حرمین شریفین مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کی بے حرمتی کی اور زائرین حرمین شریفین کو مشرک قرار دے کر بے دریغ قتل کیا۔ مدینہ طیبہ پر گولہ باری کی بالآخر حرمین شریفین پر غاصبانہ قبضہ کر لیا جو آج تک جاری ہے۔ اسی وقت دنیا بھر کے مسلمان حرمین شریفین کی حالت سے بہت پریشان تھے اُمت مسلمہ پر آئی ہوئی اس مصیبت کو دیکھ کر وہ کہتے ہیں کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کی امت پر کیا کیا گذر رہی ہے دیکھئے

بنگرچہ ہا براست مرحومہ می رود تا کے بہ سایۂ بنو از دھمائے تو

کبھی کہتے ہیں

اے بادِ صبا گوئی رسول عربی را | در سر بگیر فتنہ است چمن مطلبی را
بر امت مرحومہ چہ ہا می گذرد بین | للہ ترحم بکنی تشنہ لبی را

کہتے ہیں کہ مردود آل سعود نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کا پاس نہیں رکھا اس سے بڑھ کر اور کیا بدبختی ہو سکتی ہے کہتے ہیں :-

صد حیف بصد جہد شکستہ خلافت | پروائے نہ کردند دران حکم نبی را

آخر میں یہ پیش گوئی کرتے ہیں

آخر ہمہ مخذول و منکوب بیاشند | افضل چو خدا یار بود من بنی را

موجودہ دور میں مسلمان اگرچیکہ ساری دنیا میں تمام مذاہب کے ماننے والوں سے زیادہ ہیں لیکن ذلیل و رسوا ہو گئے ہیں اُس کا آغاز وہیں سے ہوا جہاں سے خلافت ٹوٹی۔ حجاز مقدس کا نام بدل کر المملکۃ العربیۃ السعودیہ رکھا گیا

حضرت افضلؒ کے کلام میں غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی منقبت کا بڑا خاص انداز ہے ان کے کلام کو دکن میں مقبولیت تامہ حاصل ہوئی۔ شاید ہی ایسی کوئی محفل سماع ہو جس میں بنگر بحالم یا غوث اعظمؒ نہ پڑھا جاتا ہو یہاں یہ تذکرہ بے جا نہ ہوگا کہ راقم الحروف نے حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی چند منقبتوں کا منظوم ترجمہ کر دیا ہے یہ فیض بھی حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ ہی کا ہے بقیہ تمام جہاں ضروری سمجھا گیا تھوڑے بہت ردّ و بدل کے ساتھ برقرار رکھا گیا

کلام افضلؒ کے شاندار حصے وہی ہیں جہاں مدح غوث اعظمؓ آئی ہے

بعض بعض غزلیات غیر معمولی تغزل سے بھرپور ہیں۔ انہوں نے اپنے کلام میں ساغر، میخانہ خم، میکدہ، رُخِ زیبا، رُخِ رعنا، شمع رو، کفر و ایمان، جام، شراب، مئے انگوری پیر مغاں، سبھی اصطلاحات سے استفادہ کیا ہے۔ ایک مقام پر حضرت امیر خسروؒ کی نعت

نمی دانم کہ چہ منزل بود شب جائیکہ من بودم

اور دوسرے مقام پر علامہ جامیؒ کی نعت :

گُل از رخت آموختہ نازک بدنی را

کے وزن پر نعتیں لکھی ہیں آپ کا کلام آپ کے زمانے ہی میں صوفیانہ حلقوں میں مقبول ہوگیا تھا قوال ہر مجلس سماع میں گاتے تھے وہ اپنے کلام کی مقبولیت کی وجہہ "نعت گوئی" کا ثمرہ قرار دیتے ہیں اور کہتے ہیں :

افضل چو سرِ نعت بہ درزید بگردید
در اہلِ سخن با شرف و عز و علائی

کلام افضلؒ جو آپ کے سامنے ہے اس میں قاری کو بعض مقامات پر الجھن ہوجاتی ہے وہ یہ ہے کہ بعض مصرعے خارج اوزان ہیں یہ کلامِ افضلؒ کا تصور نہیں ہے بلکہ ان کے قلمی نسخوں کی عدم دستیابی کا نتیجہ ہے جیسا مل گیا ویسا چھاپ دیا گیا حضرتؒ کے افرادِ خاندان کے پاس سے کوئی قلمی نسخہ دستیاب ہوجاتا تو یہ کوتاہی بھی دور ہوجاتی جس کی وجہہ سے ترجمہ کرنے میں دشواری ہوئی ہے

آخر میں دعا ہے کہ خدا اس کام کو قبول فرمائے اور جناب سید خواجہ خلیل اللہ حسینی صاحب پرنسپل جونیر کالج پداپلی کریم نگر اے۔ پی۔ کے دینی و دنیاوی مقاصد کو پوری فرمائے اور جناب سید شاہ احمد اللہ حسینی صاحب مدظلہم کو تادیر سلامت رکھے

احقر العباد
سید محمد تنویر الدین خدا نمائی
استاذ فارسی آرٹس کالج جامعہ عثمانیہ
حیدرآباد۔

۱

یارب ہوائے جاناں در سر شد است مارا　　اسباب ننگ عالم گردید آشکارا

اے رب محبوب کی محبت ہمارے دل میں سما چکی ہے (تیرا شکر ہے) کہ دنیا کی بے ثباتی کا راز ہم پر کھل چکا ہے۔

کو تباں ربودہ ایماں صبر و طاقت　　صد فتنہ زائے گشتہ مردانِ پارسا

اس بے ثبات دنیا کے بتوں نے ایمان صبر اور طاقت کو اڑا لیا تھا ان کا حسن کیسے بڑے پارسا کیلئے سینکڑوں فتنوں کا سبب تھا

حال تباہ شیدا اندر بیاں نیامد　　جاں برلب است جاناں رحمے بکن گدارا

اے جاناں تیرے (شیدا) دیوانے کا حال ناقابلِ بیان ہے جان لبوں پر آ چکی ہے تو اپنے گدا کی اس حالت پر رحم فرما

کافر و شے نیائی رحمے نمی نمائی　　بدتر دل تو گشتہ آیا ز سنگِ خارا

کیا تیرا دل سنگ خارا سے بھی سخت ہو گیا ہے کہ میری اس حالت پر ذرہ برابر تجھے رحم نہیں آتا۔

دارم سرِ ارادت بر آستانہ تو　　تا جاں ز تن در آید بر دارمش یارا

میں نے (اس امید میں) تیرے آستانہ پر اپنے سر ارادت کو رکھا ہے کہ میری جان آسانی سے نکل جائے۔

آں پیرے فروشم دارد کلید قدرت　　تغیر گر بخواہد در دم کند قضا را

میرا مے فروش (محبوب) کلید قدرت رکھتا ہے اگر وہ چاہے تو دم بھر میں تقدیر بدل دے

افضل چہ باشد آنکہ خوش بختیم بگردد

اے افضل وہ کیا ہی خوش نصیبی ہو گی

از فضل و مکرمت او آرد بیاد مارا

جبکہ وہ اپنے فضل و کرم سے ہمیں یاد کرے گا۔

## ٢

اے شہ بطحا و یثرب اے شہ ہر دو سرا | باعث کون و مکاں جان و دلم بر تو فدا

اے شہ بطحا و یثرب دونوں جہاں کے بادشاہ | باعث کون و مکاں جان و دل تم پر فدا

روح پاک تو نہ گنجد در زمین و آسماں | بالیقین ذات تو میدانیم ذات کبریا

اس زمین و آسمان میں آپ کی روح پاک سما نہیں سکتی | یقیناً ہم یہ سمجھتے ہیں کہ آپ کی ذات ذات الٰہ ہے

نور مطلق رویت حق اہل عرفاں گفتہ اند | عین ایمان دانمش ذات ترا ذات خدا

اہل عرفان نے آپ کے دیدار کو نور مطلق اور دیدار حق کہا ہے | میں آپکی ذات کو خدا کی ذات کا عین اور ایمان سمجھتا ہوں۔

وصف روو موئے تو والشمس واللیل آمدہ | یک تازہ لامکاں او ادنیٰ مقام تو دنیٰ

والشمس اور واللیل آپ کے چہرہ مبارک اور سر مبارک کی شان میں نازل ہوئیں آپ لامکاں کے شہسوار ہیں او ادنیٰ آپ کے ابتدائی مقام ہیں

ہر چہ می خوانیم تو از آں فزوں تر بودہ | عقل حیراں ست در تعریف و توصیف و ثنا

ہم آپکی شان میں جو کچھ کہیں آپ اس سے کہیں زیادہ ہیں۔ آپ کی ثنا و تعریف مدح و توصیف کرنے میں عقل کو حیرانی ہے۔

امتانت در مصائب سخت حیراں بودہ اند | یک نظر از روضۂ والا مدد کن از دعا

آپ کے امتی مصائب کی وجہ سے سخت حیران ہیں آپ روضہ والا سے ملاحظہ فرمائیے اور مدد کیجئے اور دعا کیجئے۔

در چمن زار عوالم از ہمہ بالا تری | اے گل تشبیہ از تنزیہ می آید نوا

اے تشبیہ کے پھول عالم تنزیہ سے یہ صدا آرہی ہے کہ آپ کی ذات کائنات عوالم سے بھی برتر ہے۔

اے حبیب اللہ نگاہ لطف گر بر ما کنی | افضل خستہ رہا از آفت صبح و مسا

اے اللہ کے حبیب اگر آپکی ایک نگاہ لطف و کرم ہو جائے تو افضل خستہ صبح و مسا کی آفتوں سے رہا ہو جائے گا۔

٣

اے طاق ابروے تو حریم نماز ما          زیبد بر آستانہ جبین نیاز ما

تیری ابرو ہماری نماز کا محراب ہے ہماری جبین نیاز اس آستانہ سے روشن ہے / اس آستانہ پر ہی جچتی ہے۔

جاں بر لب است بہر نگاہ ترحمے          قربان خوب روے تو بندہ نواز ما

جاں لبوں پر آگئی ہے ایک رحم کی نگاہ کیجیے کیوں کرلے بندہ پرور ہم آپ کے چہرہ کی ایک جھلک پر اپنی جان دینے والے ہیں

چوں آہ دکشیم شب ہجر از فراق          تا آسماں رسد سر سوز وگداز ما

ہجر کی راتیں فراق کی وجہ سے ہم جب بھی آہ کرتے ہیں ہماری سوز وگداز آسمان تک پہونچ جاتی ہے۔

در یاد اوست نالہ وزاری تمام شب          غافل ز حال خستہ دلاں بے نیاز ما

اے بے نیاز ہم خستہ دلوں کے حال سے کب تک بے توجہی رہے گی ساری رات اسی (تیری) کی یاد میں روتے روتے گذری ہے

بر تن نہ پارچہ و نشستن نہ بوریا          بنگر چہ ما خوشیم با این رخت و ساز ما

نہ جسم پر کپڑے ہیں نہ بیٹھنے کے لیے بوریہ ہے دیکھیے کہ اس ساز وسامان پر بھی ہم کتنے خوش ہیں۔

کردی جفا بسے و نہ کردی ترحمے          آیا ہمیں سزا بود اے دلنواز ما

بہت ہی جفا کی تو نے ہمارے حال پر کبھی ترس نہیں کھایا اے ہمارے دلنواز کیا اس کی یہی سزا ہے۔

افضل مصائبیکہ رسید بہ اہل دین

اے افضل جو مشکلات اہل دین کو پہنچ رہے ہیں۔

آگاہش تمام بہ شاہ حجاز ما

ہمارے شاہ حجاز اس سے خوب آگاہ ہیں۔

۴

بر درِ تست ولا نعرۂ مستانہ ما　　تا غبارے برود از دلِ دیوانہ ما

ہم تیرے دروازے پر مستی بھرے نعرے اس لئے لگا رہے ہیں کہ ہم دیوانوں کے دل کا غبار نکل جائے۔

روئے روشن بنما ماہ جبینم بارے　　صحنِ فردوس شود تا شبِ کاشانہ ما

اپنا روشن چہرہ اور چاند جیسی پیشانی کبھی تو دکھلا　　تاکہ ہمارا گھر رات کی تاریکی میں بھی صحنِ فردوس بن جائے

پشت پا را بہ سرِ ملک دو عالم بزدیم　　آفریدہ بدہ برایں ہمت مردانہ ما

خالق پیدا کرنے والے نے ہم کو ایسی ہمت مردانہ عطا کی ہے کہ ہم نے دو عالم کو بھی اپنے پیروں تلے رکھ دیا ہے۔

غیرِ یاد تو ندارد دلِ شیدا کارے　　جز ولائے تو نہ سرمایہ در خانہ ما

تیرے دل شیدا کو یاد کے سوا اور کوئی کام نہیں ہے　　تیری محبت کے سوا ہمارے اس گھر میں کسی اور کی گنجائش نہیں

شمع رو تاب نیا ورد دلِ مہجور ترا　　یکدمے آ و ببیں سوزشِ پروانہ ما

اے روشن چہرہ والے دل مہجور کو اب فراق کی تاب نہیں اس پروانے کی سوزش کو دیکھنے کیلئے ہی سہی ایک لمحہ کیلئے تو آجا

حرزِ جاں نام ترا افضلِ خستہ دارد

افضل خستہ کیلئے تیرا نام زندگی کی ضمانت ہے

مشمار آنکہ کسے ہست زبیگانہ ما

اس کو ایسا نہ سمجھ کر کوئی بیگانہ ہے۔

(۵)

بر و کشیده شاہد رعنا نقاب را　　خواہم بہ آہ تیرہ کنم آفتاب را

چہرہ پر اپنے شاہد رعنا کے ہے نقاب　چاہوں تو ایک آہ میں کالا ہو آفتاب

نور خدا ز چشم زمانہ نہاں بگشت　　صد حسرتا اگر نہ دریدم حجاب را

نور خدا زمانہ کی آنکھوں سے چھپ گیا افسوس گر نہ دور کروں اس کا میں حجاب

یارب چہ بود ما در گیتی نہ زادمے　　یا در نہادمے نہ سرائے خراب را

اے رب اگر ہم اس دنیا میں پیدا نہ ہوتے اس سرائے خراب میں قدم بھی نہ رکھتے۔

بغداد و یثرب است دو درگاہ ہر ما　　باید خبر دہید ازیں شیخ و شاب را

ہر پیر و جوان کو یہ خبر کر دو کہ بغداد اور یثرب ہماری دو بارگاہیں ہیں۔

افضل دو سرور آمدہ مہر و مہ کمال　　نور قدم گزیدہ یا بہ دو فرہاب را

افضل دو سرور اُن ہی بارگاہوں کے فیض یافتہ ہیں گویا دو چاند ہیں جس سے ہر آنے اور جانے والا اکتساب نور کرتا ہے

مفتوح باب فیض بود افضل مدام

اے افضل اُن کے فیض کا دروازہ ہمیشہ کھلا ہوا ہے

برکش ز دل ہوائے جہان سراب را

دنیا کی خواہشات اور سراب کی محبت اپنے دل سے نکال دے۔

## ۹

در هوائے جام سرشاریم ما     در طریق زهد بیزاریم ما

ہم جام محبت کے خیال ہی سے مست ہیں۔ زاہد صاحب کی خشک زہدی ہماری بیزاری کا باعث ہے۔

زاهدا باید ترا حور و قصور     در پئے روئے گرفتاریم ما

زاہد تو تو حور و قصور کا طالب ہے۔ لیکن ہم تو مالک حور و قصور کے دیدار کے طالب ہیں

در خیال لاله و نرگس و سرو     ما بخود بالیم و گلزاریم ما

ہمیں اس پر ناز ہے کہ لالہ نرگس و سرو کا خیال کرتے کرتے ہم خود گلزار بن گئے۔

ناصحا باشد بما بے سود پند     از سرشت خویشتن ناچاریم ما

اے ناصح چونکہ ہم اپنی طبیعت سے مجبور ہیں اس لئے تیری نصیحت کرنا ہمارے لیے بیکار ہے۔

بر شکسته حال ما زاهد مخند     مستحق فضل غفاریم ما

(چونکہ) ہم خدائے غفار کے فضل کے مستحق ہیں اسلئے اے زاہد ہماری شکستہ حالی پر مت ہنس

افضلا اندر ره معنی ببیں

اے افضل تو الفاظ سے گذر کر معنی کی حقیقت تک پہنچ جا

در حقیقت بحر زخاریم ما

کیوں کہ حقیقت میں ہم بحر زخار ہیں۔

(۷)

کجائی ترک جانانم بفرما — فدا بر تو دل و جانم بفرما

اے محبوب اے جانِ جاں تم کہاں ہو چلے آؤ — تم پر میری جان و دل ہر دو فدا ہے چلے آؤ۔

گل خوبی دمے بنگر خدارا — تر و تازہ گلستانم بفرما

اے خوبصورت پھول (محبوب) خدا کیلئے لمحہ بھر کیلئے آ کر میرے گلستان کو تر و تازہ کر دے۔

بیا اے شیخ جام از دور بادہ — علاج درد عصیانم بفرما

اے شیخ جام کو گردش میں لا کر — میرے عصیاں کا علاج کیجئے۔

بیاید شمع رو در کلبۂ ما — مدد اے شوق قربانم بفرما

میری کٹیا میں وہ شمع رخ تشریف لاتا ہے ذرا شوق جنوں قربان ہونے میں مدد فرما۔

نہم سر بر در میخانہ ساقی — خدارا تازہ ایمانم بفرما

در میخانہ ساقی پر میں اپنا سر رکھتا ہوں خدارا میرے ایمان کو جلا دینا۔

بگالا تاب ہجر افضل ندارد

ہجر کے صدموں کی افضل تاب لا سکتا نہیں

وفائے عہد و پیمانم بفرما

عہد و پیماں کو پورا فرما۔

## ۸

بپاشد نورِ یزداں سرورا — طلوعِ صبحِ ایقاں سرورا

پرتوِ نورِ یزداں ہمارا سرور ہے — طلوعِ صبحِ ایقان ہمارا سرور ہے

خیالِ روئے تو در دل چو آرم — بگردد تازہ ایماں سرورا

خیالِ چہرۂ دلدار دل میں لاتے ہیں۔ — اے سرور ہمارا ایمان تازہ ہو جاتا ہے۔

دریں ظرفِ زماں بے مثل ہستی — فدا بر تو دل و جاں سرورا

اس زمانے میں آپ بے مثال ہیں — اے سرور آپ پر ہمارے دل و جان فدا ہوں۔

گدائے خویش را از در مرانی — تو آقای و سلطاں سرورا

اے سرور آپ ہمارے آقا اور سلطان ہیں — اپنے در سے اپنے اس فقیر کو نہ ہٹائیے۔

یقیں افضل بداں لاریب فیہ

افضل کو اس کا یقین ہے اور اس میں کوئی شک نہیں

بحق ہست عمّاں سرورا

حقیقت میں ہمارے سرور گہرِ سمندر ہیں

۹

تاجِ شاہی تو زیبد بر سرِ بالایت — در ارض و سما جاری احکام برایایت

تاج شاہی آپ کے سر پر زیب دیتا ہے۔ زمین و آسمان میں آپ کا حکم چلتا ہے۔

حور و ملک و غلماں شیدائے در و بامت — اقطاب زماں قرباں بر نرگس شہلایت

تمام حور و ملک و غلماں آپ کے در و بام پر قربان ہیں — زمانے کے اقطاب آپ کی نرگسی آنکھوں پر قربان ہیں

حبت کہ کسے دارد اندر دل خود پنہاں — از بہر نجات او کافیست تولایت

جو شخص آپ کی محبت کو اپنے دل میں رکھتا ہے تو آپ کی یہ محبت اس کی نجات کے لیے کافی ہے۔

از نار سقر ایمن باشد نہ چرا شاہا — آنکس کہ نظر کردہ بر چہرۂ زیبایت

جس کو بھی آپ کا دیدار نصیب ہوتا ہے۔ اے شاہا! وہ دوزخ کی آگ سے کیوں نہ محفوظ ہو جائے

افضل بہ ہوائے تو عمریست بسر کردہ

افضل کی ایک عمر آپ کی محبت میں بسر ہو گئی

باشد کہ رسد او را فیض در والایت

اس امید پر آپ کے در کا فیض اس کو بھی مل جائے۔

## ۱۰

ثابت قدم بمانم در وقت امتحانت   گر صد بلا به افتد نگزارم آستانت

امتحان کے وقت بھی میں ثابت رہوں گا   اگر سو بلائیں بھی آئیں تو میں آپ کا آستانہ نہیں چھوڑوں گا۔

جانم بلب رسیده از صدمه های هجران   تا کے جفا نمائی بر جان عاشقانت

ہجر کے صدموں سے جان لبوں پر آ گئی ہے۔   اپنے عاشقوں کی جان پر کب تک جفا کرو گے۔

ما روئے سوئے کعبه چوں آوریم فرما   چوں سجده گاه جانم شد طاق ابروانت

جبکہ تیری طاق ابرو عاشقوں کی سجدہ گاہ ہیں   ہم کس طرح اپنے چہرہ کو کعبہ کی طرف کریں۔

باد صبا که باشد دو چار گشتی از گل   جانم بگشت زنده از نفحۂ دہانت

باد صباء کے جھونکوں سے جس طرح پھول کھلتے ہیں   ویسے ہی آپ کی ایک پھونک سے میری روح میں تازگی پیدا ہوتی

غارتگر دل و جاں مجروح شد ہزاراں   بنگر چه ہا پریشاں از تیر و از کمانت

تیری نظر کے تیر و کمان سے کتنے ہزاروں دل اور کتنی جانیں غارت مجروح اور پریشان ہوئی ہیں ذرا دیکھ تو لے۔

اے شہسوار خوبی تسخیر جاں نمودی   فتح فضائے معنی از جنبش عنایت

اے شہسوار تو نے ہماری جانوں کو مسخر کر لیا ہے تیری ایک ادنیٰ جنبش سے ابواب معنیٰ کھل جاتے ہیں۔

وصف صفات گویم یا نور ذات خوانم   تغییر کم نگشته در مدح از میانت

تجھے اس کی صفات کا مظہر کہوں یا نور ذات کا مظہر ہر دو صورت میں تیری تعریف میں کچھ زیادہ فرق نہیں

تو باعث وجودی تو جلوۂ شهودی ‏ — تو علت وجودی دانیم از زبانت

تم وجود کا باعث اور شہود کا جلوہ ہے — تیری زبان کو ہم علت وجودی سمجھتے ہیں۔

محبت بتاں گزیدم آفاق ہا بگشتم — چیزے دیگر تو بودی باشد قسم بجانت

میں نے جہانوں کی سیر کی محبت سے دل لگایا — لیکن تمہاری جان کی قسم تم کچھ اور ہی چیز ہو

اندر جہاں ہزاراں خوباں بوند لیکن — اے شاہ حجازی کو مثل در جہانت

ویسے تو دنیا میں ہزاروں حسین ہے لیکن — اے شاہ حجازی آپ کا مثل کوئی نہیں

آں روئے خوب داری از بہر دیدن تو — در خواستہ خداوند از خود بر آسمانت

آپ وہ حسین ہیں جن کو دیکھنے کے لیے — خود خدائے تعالیٰ نے آپ کو آسمان پر بلایا

یابد فراغ افضل از فکر دین و دنیا

اگر آپ خدا کے لیے مہربانی کی ایک نظر ڈال دیں

بہر خدا نگاہے از نظر مہربانت

تو افضل دین و دنیا کی ہر فکر سے آزاد ہو جائے گا۔

حضرت خواجہ عبد الوحید المعروف ابو لبیان سبحانی شاہ بیابانی رفاعی القادری۔

(۱۴)

ترا کہ جلوہ گر سرّ اینما کردند — فضائے غیب ہویت ز تو بپا کردند

آپ کو اینما کے راز کا جلوہ گر بنایا — اللہ تعالیٰ کے غیب کی ہویت کا اظہار آپکا وجود ہوا۔

توی کہ عالم تشبیہ پیکر تو شدہ — توی نظیر تو ممنوع مدعا کردند

آپکا وجود خود اپنی آپ مثال ہے۔ — آپ اپنی خود نظیر ہیں آپکا کوئی مثل نہیں۔

حقیقت تو فزون است از قیاس و گماں — عجیب عربدہ در فہم با صفا کردند

آپ کی حقیقت ہر قیاس اور گمان سے برتر ہے — اہل صفا نے اس ضمن میں خوب نکات نکالے ہیں۔

اگر بوصف تو انسان بخوانم اے یکتا — خدا گواہ ز نصِّ جلی ابا کردند

(اے بے نظیر) اگر میں آپ کو انسان کہوں — خدا گواہ ہے کہ وہ نصِّ جلی سے انکار ہے۔

توی کہ سر وجودی وجود از تو شدہ — مقرر است بداں شاہ دوسرا کردند

دونوں عالم کا وجود آپ ہی کے وجود سے ہے — اور آپ کی ذات خود وجود باری کا راز ہے۔

بشش جہات توی باز یک جہت داری — محققانہ بدیں رمز اینما کردند

اس راز کو محققین نے رمز اینما کہا ہے — کہ شش جہات میں کسی بھی جہت سے آپکا جلوہ نظر آتا ہے

غرض کہ آیۂ قل یا عبادی منصب تست — ز ابتدائے خبر تو بہ انتہا کردند

الغرض قل یا عبادی کی آیت سے — آپ کا منصب و مقام معلوم ہوتا ہے

ولی دعاست ز افضل بہ شاہ عثمانم — ہزار شکر ترا سایہ خدا کردند

شاہ عثمان علی کیلئے افضل کی دلی دعائیں ہیں — خدا کا شکر ہے کہ اس نے تجھے اپنا سایہ بنایا

١٢

چہ کنم کہ آہ و نالہ بہ دلش اثر ندارد — بہ ہوائے یار مُردم مگر او خبر ندارد

کیا کروں میری آہ و نالہ کا اثر اس کے دل پر نہیں ہوتا ہے — میں نے اپنے یار کی محبت میں جان دیدی لیکن اسکو اسکی پروا نہیں

بہ ہوائے سرو قامت بشدم تباہ حالم — چہ کنم چہ چارہ سازم ز وفا ثمر ندارد

میں قد سرو کے یار کی محبت میں تباہ ہو گیا۔ — لیکن کیا کروں میری وفا کا کوئی پھل نظر نہیں آتا۔

سر شوق بود بلبل خبرے دہد بہ گل رو — عجبے بود صبا را بدرش گذر ندارد

پھول کو کون اطلاع کرے کہ بلبل اس کا عاشق ہے — لیکن مشکل اس بات کی ہے کہ صبا کا اس طرف گذر نہیں ہے

مہ رخ با صفائے او را چہ مناسبت بہ دیگر — بخدا کہ در ملاحت اثرے قمر ندارد

اس کے خوبصورت چہرے کو دوسروں سے کیا نسبت — خدا کی قسم اس کے چہرے جیسی ملاحت چاند میں بھی نہیں

بہ ادائے ناز جاناں دل و دیں ربود افضل

افضل کے دل و جان کو اس محبوب کی اداؤں نے اُچک لیا

بہ ضبط چوں بیارد کہ کسے جگر ندارد

جس کو جگر ہی نہ ہو وہ اپنے آپ کو کیسے تھام سکتا ہے۔

## ۱۳

**از ازل داریم اندر سر ہوائے دستگیر**    **تا ابد باشیم در شوقِ لقائے دستگیر**

بس ازل سے جو سمائی ہے ہوائے دستگیر    تا ابد باقی رہے شوق لقائے دستگیر

**بارگاہش را ببیں کروبیاں از راہ فخر**    **می شدند بے حاضر دولت سرائے دستگیر**

رات دن جس بارگاہ پہ ہے ملائک کا نزول    بے گماں ہے وہ درِ دولت سرائے دستگیر

**در قدر دارد تصرف بر قضا حکمش رواں**    **برتر از ادراک را بود ست جائے دستگیر**

قدر پر بھی ہے تصرف اور قضا پر حکم ہے    عقل سے ادراک سے برتر ہے جائے دستگیر

**لا تقیسونی بفرمود اذنِ مطلق کار او**    **غوث اعظم نیست در دنیا ورائے دستگیر**

لا تقیسونی سے فرمایا اجازت عام دی    غوث اعظم ہے نہیں کوئی سوائے دستگیر

**فخر باشد پاکبازانِ جہاں را بالعموم**    **گردن طاعت نہادند زیر پائے دستگیر**

پاکبازانِ جہاں کو فخر ہے یہ بالعموم    گردن طاعت جھکائی زیر پائے دستگیر

**مخدعِ عالی مقامش غیر او کے رسد**    **در فضائے لامکاں بود ست جائے دستگیر**

مخدعِ عالی مقامی اُن کے سوا کس کو ملا    ہے فضائے لامکاں دیکھو تو جائے دستگیر

**طرفہ جبریل گویاں خضر دربان رہش**    **بردہ والا ملائک جبہ سائے دستگیر**

خضر اور جبریل ہیں رستہ بتانے کو وہاں    ہیں ملائک بھی جہاں پر جبہ سائے دستگیر

**تا قیامت صبح دم یک فیض باشد پائیدار**    **افضلا می باش تو ہر دم فدائے دستگیر**

تا قیامت صبح دم ہے فیض اُن کا پائیدار    تم ہمیشہ ہی رہو افضل فدائے دستگیر

۱۴

ذات عقدمنت خدایا غوث اعظم دستگیر — ذات تو لاریب فخر اولیا پیراں پیر
آپ ہیں جیت خدایا غوث اعظم دستگیر — آپ ہیں لاریب فخر اولیا، پیراں پیر

عالم ہست دیوان حکومت گاہ تو — از ثریا تا ثریٰ در بند فرمانت اسیر
عالم ہمہ حکومت گھر ہے غوث پاک کا — از ثریا تا ثریٰ فرمان کے ہیں سب اسیر

قدرت حق بھی ز شجاعت کلک گوہر بار تو — اے کہ براحیا رمیت بودہ قادر قدیر
قدرت حق کی تجلی غوث اعظم کی زباں — آپ کو احیائے میت پر ہے قدرت دستگیر

قادرا قدرت تو داری در دو جان افضلت
جان پر افضل کی قادر تجھ کو ہے کل اختیار

وارہاں از این و آنم اے شہ روشن ضمیر
غم سے مجھ کو دو جہاں کے تو چھڑا روشن ضمیر

۱۵

ہست ایں دنیاے فانی چند روز　　　سیر باغ زندگانی چند روز

یہ دنیائے فانی کتنے دن کی ہے　　　زندگی کے باغ کی سیر کتنے دن کی ہے۔

صد ہزاراں شاہ در دنیا شدند　　　خسروی تاج کیانی چند روز

لاکھوں بادشاہ دنیا میں گذرے　　　خسروا در کیانی کا تاج کتنے دن رہا

غافلا قدر متاع عمر کن　　　تو دریں بازار فانی چند روز

اے غافل متاع زندگی کی قدر کر　　　اس بازار فانی میں کتنے دن رہنے والا ہے

زود کارے کن کہ یار ضیش کنی　　　کودکی پیری جوانی چند روز۔

تو اپنے کام کو تیزی سے کر تاکہ تو اُسے راضی کرلے بچپن جوانی بڑھاپا کتنے دن رہنے والا ہے

در پے ہجر بتانِ بے وفا　　　پس عبث درد نہاں چند روز

بے وفا معشوقوں کے ہجر میں کب تک تڑپو گے　　　لہٰذا بے کار کا درد نہاں کب تک

بند در دم افضلا جام حیات

اے افضل! میں اسیر درد ہوں -

با تنِ خاکی روانی چند روز

اِس خاکی جسم میں جان کب تک رہے گی۔

(۱۶)

بدل است مرا سر ہوائے افضل — بجان گشتم فدائے افضل

افضل کی محبت سر میں سمائی ہوئی ہے — بجا جان سے افضل پر فدا ہوں۔

بہ چشم ابر ندارد بہ پیرم — بخاطر من لقائے افضل

زندگی چاہتی ہے تشنہ دہن ہی مر جاؤں — میرے دل میں افضل کی ملاقات کی تمنا رہیگی

بگشت چون مہر در زمانہ — ادا نہ باشد ثنائے افضل

جب تک کہ زمانے میں سورج باقی ہے — افضل کی تعریف ہوتی رہے تو بھی مکمل نہ ہو سکے گی

گلیم ہمہ درویش کرد این جا — ولیک بر عرش جائے افضل

یہاں پر اس نے کندھے پر کملی ڈالے ہے — لیکن افضل کا مقام عرش پر ہے۔

بہ تخت شاہی اگر دہند رش — غرض ندارد گدائے افضل

اگر تخت شاہی بھی دیدیا جائے — تو افضل کے در کا گدا اس سے غرض نہ رکھے گا۔

بہ دشت پُر نور کم بباشد — چون گنبد پُر ضیائے افضل

افضل کی بارگاہ کی مانند — اس دنیا میں بہت ہی کم پُر نور روشن گنبد ہیں

بود فیض اتم میدان — کہ خواجہ خوش ادائے افضل

تم جان لو کہ ان کا فیض کامل ہے — کیونکہ افضل کی ہر ادا سے اُن کا مالک خوش ہے

غلام افضل چہ سان کشد سر — شود میسر چو پائے افضل

جب افضل کا پائے مبارک میسر ہو جائے — تو غلام افضل اپنا سر اس سے کیسے ہٹا سکتا ہے۔

۱۷

بنگر بحالم یا غوث الاعظم شیخ العوالم یا غوث الاعظم
یا غوث اعظم میرا حال ملاحظہ فرمائیے آپ تمام عالموں (جہانوں) کے شیخ ہیں

تو محیٔ دینی ممتاز کونی احمد گمانم یا غوث الاعظم
آپ غوث اعظم دین کو زندہ کرنے والے ہیں اور ساری دنیا میں ممتاز ہیں آپ کو دیکھنے سے حضور احمد مجتبیٰ وسلم کا گمان ہوتا ہے

قدرت تو داری بر جملہ عالم فرمان روانم یا غوث الاعظم
سارے عالم پر یا غوث اعظم آپ قدرت رکھتے ہیں۔ آپ ہمارے فرمانروا (بادشاہ) ہیں۔

یا شاہ جیلان للہ شیئاً ہست ایں سوالم یا غوث الاعظم
یا غوث اعظم بادشاہ جیلان میرا یہی سوال ہے کہ اللہ کیلئے کچھ عطا کیجئے۔

اے شیخ کل ورد صبح و مسائم یا غوث الاعظم یا غوث الاعظم
اے شیخ کل میرا صبح و شام یہی وظیفہ ہے یا غوث اعظم یا غوث اعظم

وجودک تلت وجودی کجدی فنا گشتہ اعظم یا غوث الاعظم
آپ نے اپنے وجود کے بارے میں فرمایا میرا وجود میرے جد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وجود کی طرح ہے

نظرِ ترحم بر حالِ افضل
افضل کے حال پر رحم کی نظر فرمائیے

قربانِ دائم یا غوث الاعظم
یا غوث اعظم میں ہر وقت آپ پر قربان ہوں

۱۸

شہنشاہ ولایت غوث اعظم — عدیم المثل سطوت غوث اعظم

غوث اعظم شہنشاہ ولایت ہیں — اور اُن کی شان بے نظیر ہے

بہ فیضان او در عالم امر — محمدؐ در حقیقت غوث اعظم

عالم امر میں بھی آپ کا فیضان جاری ہے — محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی حقیقت میں سب کے پرورش کرنے والے ہیں

چوں در میخانہ وحدت بہ بینی — ضیائے دین و ملت غوث اعظم

جب وحدت کے میخانہ میں تو دیکھے — تو غوث اعظم دین و مِلّت کی ضیاء ہوں گے

رقاب اولیاء زیر قدومش — بہ خوباں سرو قامت غوث اعظم

تمام اولیاء کی گردنیں آپ کے قدموں کے نیچے رہیں — آپ تمام اولیاء میں سب سے زیادہ بلند مرتبہ والے ہیں

حکمراں قضاء مخدع نشیمن — قوی بازوے قدرت غوث اعظم

غوث اعظم قدرت کے قوی بازو کا نام ہے — جو مقام مخدع سے قضا پر بھی حکمرانی کرتا ہے

نگاہ لطف بر افضل بفرما

اے غوث اعظم افضل پر لطف و کرم کی نظر فرمائیے۔

کہ باشد از سگانت غوث اعظم

کہ وہ آپ کے گھر کا پروردہ ہے۔

(۱۹)

ہوائے ساغر و میخانہ دارم ——— زکعبہ رو سوئے بت خانہ دارم
ساغر و میخانہ کی خواہش ہے مجھ کو ——— اس لیے کعبہ سے بتوں کی طرف متوجہ ہوں

بدارم عشق آں زیبا نگاہے ——— در عالم پیش او بیگانہ دارم
مجھے اس نگاہ ناز سے عشق ہے۔ ——— جس کے سامنے مجھے دونوں عالم بیگانے لگتے ہیں

دمادم ساقیا بدل و عطا کن ——— خمت پر جوش و من پیمانہ دارم
اے ساقی دم بدم دیتا چلا جا۔ ——— میرے ہاتھوں میں پیمانہ ہے اور تیرا خم جوش پر ہے

رخ زیبا نما ما را خدا را ——— بہ نذر تو دل دیوانہ دارم
خدا کے واسطے اپنا رخ زیبا دکھا دے ——— کہ یہ میرا دیوانہ دل تیری نذر ہے

خدا را شمع رو بر من گزر کن ——— فدا بر تو دل پروانہ دارم
میرا دل پروانہ تجھ پر فدا ہے اس لیے اے شمع رو میری طرف چلا آ۔

بیا افضل بکار خویشتن باش
میری دوستی ہمیشہ سے باوفا رہی ہے۔

کہ دائم با وفا یارانہ دارم
اے افضل تم اپنے کام میں مشغول رہو۔

از فضل عجب مدار کہ از بارگاہ او

اے افضل! انکی بارگاہ سے عجب نہیں کہ

از فضل و مکرمت برسد مدعائے تو

وہ اپنے فضل و کرم سے تمہیں اپنے مدعا تک پہنچا دیں

(۲۱)

خدارا ساغرے پیر مغانم     بیامد تا لبم فرسودہ جانم
اے پیر مغاں خدا کے واسطے ایک جام پلادے     کیونکہ اب میری کمزور جان لبوں پر آچکی ہے

رخ روشن نما بارے خدارا     برحق، ہجر تا کے زار مانم
خدا کے واسطے ایک بار تو اپنا روشن چہرہ دکھلا     کب تک میں جدائی میں روتا رہوں گا۔

شبم بگذشت در اختر شماری     بپرس از شمع کنج ابیانم
رات اختر شماری میں گذر گئی     میری کٹیا میں جلنے والے شمع سے میرا حال دریافت

ز آہ و نالہ و فریاد و شیون     بہ ہجر تو مہیا کاروانم
تیرے ہجر میں آہ، نالہ، فریاد اور ماتم کا میں نے کارواں تیار کیا ہے۔

گرفتم نام زلف مشکفامے     معطر شد ازاں کام ودہانم
میں نے (جیسے تیری) مشک کی خوشبودار زلفوں کا نام لیا ہے اس لئے (اس طرح) میرا منہ اور چہرہ معطر ہو گیا ہے۔

نہم سر بر در میخانہ ساقی     بغیر ایں دگر کارے نہ دانم
ساقی کے مے خانے کے دروازے پر میں اپنا سر رکھتا ہوں اسکے سوا میں اور کوئی کام نہیں جانتا۔

ز میدان ولا رویم نتابد     سمند نفس گرچہ زیر رانم
محبت کے میدان میں منہ نہیں موڑتا     میرے نفس کا گھوڑا میرے تابع ہے۔

اندہ کامل فزوں تر ز روئے رخشان شما — یاد رب العالمین بردم نگہبان شما

آپ کا درخشاں چہرہ مہ کامل سے بڑھ کر ہے — اللہ کی یاد آپ کی نگہبان ہے۔

سربلند گردان لسازم یا کہ دل با نذر نظر — از دل و جاں میکنم تعمیل فرمان شما

مجھے اعلیٰ مقام عطا فرما کر اپنے دل کو آپ کے نظر کے لیے نذر کرتا ہوں اور اپنے جان و دل سے آپ کے حکم کی تعمیل کرتا ہوں۔

آبلہ پا وادی پرخار راہ گم گشتہ کار — یاد فرما خضر ما سازم چہ قربان شما

پاؤں میں چھالے ہیں اس وادی کا کانٹوں سے بھری ہوئی کا راستہ بھولا ہوں اے ہمارے خضر آپ ہمیں یاد رکھیے ہم آپ پر کیا قربان کریں۔

بار ہجر کوہ غم صحرائے وحشت نقد دست — ایں ہمہ بذل و عطا آمد از احسان شما

جدائی کا بار غم کا پہاڑ اور وحشت کا جنگل یہ آپ کی دین ہے یہ ساری بخشش و عطا آپ کی طرف سے احسان ہے

افضل شیدا نتابد رو گر افتد صد بلا

افضل شیدا پر اگر سو بلائیں بھی آئیں تو آپ سے منہ نہ موڑے گا۔

چونکہ از روز ازل شد از ثنا خوان شما

اس لئے کہ وہ ازل سے ہی آپ کا ثنا خوان ہے۔

۲۲

# اُس شب میں جہاں تھا

عجب ماہے بمنزل بود شب جائیکہ من بودم     فدائے تقدسش دل بود شب جائیکہ من بودم

اُس منزل میں عجیب چاند تھا۔ اُس شب     میرا دل اُس کے تقدس پر قربان تھا۔

تعالی اللہ بہ تیغ ناز کردہ گرم بازاری     ہزاراں رقص بسمل بود شب جائیکہ من بودم

بخدا اپنے ناز کی تلوار سے اُس نے محفل کو گرما دیا تھا ہزاروں بسمل تڑپ رہے تھے۔

بخوبان جہاں یارا چہ باشد ازمہِ کامل     درآنجا شمع محفل بود شب جائیکہ من بودم

دنیا کے حسینوں کو اُس ماہ کامل سے کیا نسبت جو اُس محفل کی شمع بنا ہوا تھا۔

بوسیدم کف پائش بخواب ناز او بودہ     حیا در راہ حائل بود شب جائیکہ من بودم

جب وہ محو خواب ناز تھا میں نے اس کے پیر کا بوسہ لے لیا تاکہ اس راہ میں ادب کا پاس رہے۔

سرم از تن جدا کردہ نہ دادہ خوں بہائے آں     بہا در دستِ قاتل بود شب جائیکہ من بودم

میرے سر کو جسم سے علیحدہ کر دیا لیکن خون بہا نہیں دیا۔ خون بہا قاتل کے ہاتھ ہی میں تھا۔

نشد انجام یکسوئی نازِ او نیاز من     عجب سرّ مقابل بود شب جائیکہ من بودم

اس کے ناز اور میرے نیاز کے درمیان ایک راز پوشیدہ ہے     اِس لیے کہ نہ اس کا ناز ختم ہونے والا ہے اور نہ میری نیاز

کشیدم تا سحر اورا باغوشم و در گردن     دو دست من حمائل بود شب جائیکہ من بودم

میں نے سحر تک اُسکو اپنا بنا لیا اور اُس کی گردن میں     دونوں ہاتھ حمائل بنے ہوئے تھے۔

رقیب روسیہ فرصت نداد از عرضِ حالِ فضل     دلم بر شرح مائل بود شب جائیکہ من بودم

رقیب روسیہ نے مجھے عرض حال کا موقع نہیں دیا     ورنہ میرا دل تفصیل بیان کرنے پر مائل تھا۔

۲۲

طاقِ ابروئے کسے را سجدہ گاہے ساختم　　بہر طاعات و عبادت دیں پناہے ساختم

میں نے کسی کی ابرو کی طاق کو طاعت و عبادت کیلئے سجدہ گاہ اور دین کی پناہ گاہ بنا لیا ہے۔

عارضِ زیبا اساسِ دین و ایمانم بود　　مامنِ کونین خود جادو نگاہے ساختم

اُس کے خوبصورت رخسار میرے دین و دنیا کی بنیاد ہیں　　میں نے اسکی جادو نگاہی کو کونین میں جائے پناہ بنالیا ہے

من لباسِ بے لباسی بر قدِ خود دوختم　　بوریائے کہنہ را تاج و کلاہے ساختم

میں نے اپنے جسم پہ بے لباسی کے لباس کو پہن لیا ہے　　اور پُرانے بوریے کو اپنی تاج و کلاہ بنالیا ہے

سربلندی دو عالم آورد درگاہِ پیر　　التزامِ عتبہ اش را عز و جاہے ساختم

شیخ کی بارگاہ (میرے لئے) دونوں عالم کی سربلندی کا سبب ہے اِن کی چوکھٹ کا التزام ہی میری عز و جاہ ہے

ایں یقیں دانم کہ از فضلت نباشی بے خبر

مجھے اِس کا یقین ہے کہ آپ فضل سے بے خبر نہیں ہیں

می رسی در نیم شب از دل چو آہے ساختم

جب میں دل سے پکارتا ہوں تو وہ آدھی رات کو پہنچ جاتے ہیں

۲۴

صبا بر منزل جاناں گذر کن | زحال خستہ جانِ ما خبر کن

اے صبا تو محبوب کے پاس جا اور | ہم خستہ حالوں کے حال کی اُن کو خبر کر

بگو بہر خدا رحمے بفرما | زروے مکرمت بر ما نظر کن

اور یہ کہہ کہ خدا کے واسطے ہم پر رحم فرما | اور اپنی مہربانی سے ہم پر نظر کر۔

شہنشاہ دو عالم کن نگاہے | با آمالِ دلِ من بارآور کن

اے شہنشاہِ دو عالم ایک نظر فرما اور | میرے دلی آرزوں کو بار آور فرما

صبا گر نے توانی کرد ایں کار | خدارا از کرم کار دگر کن

اے صبا تو اگر یہ کام نہ کر سکے تو خدا کے واسطے کوئی دوسرا کام کر

بگو افضل رسیدہ بر در تو

کہہ دے کہ افضل تیرے در پر پہنچ چکا ہے

زلطف خویش بر وے یک نظر کن

اپنی مہربانی سے اس پر ایک نظر فرما۔

نیامد در دم آخر بیامد بر سر قبرم	بگویید از آید طرف احسانے کہ من دارم

دم آخر نہ آئے اور قبر پر تشریف لے آئے یہ احسان جو مجھ پر ہے کس زبان سے شکر ادا کیا جا سکتا ہے

بیارا مجلس مے را کباب تازہ می آرم	بغرط ذائقہ از مرغ بریانے کہ من دارم

آپ مے کی مجلس کو آراستہ کیجئے کہ میں تازہ کباب لے آتا ہوں جو ذائقہ میں مرغ بریاں سے زیادہ ہے

کدامست آنکہ می لافد سر یکتائی افضل

بلکہ افضل پر فضل شاہانہ کے سبب ہی معترف ہیں

ہمہ ما معترف از فضل شاہانے کہ من دارم

بلکہ افضل پر فضل شاہانے کے سب ہی معترف ہیں

أَنْتَ نصیری انت ظہیری زِ اعدا چہ آید یا شاہ جیلاں

اے شاہ جیلاں جب آپ میرے مددگار اور پشت پناہ ہیں تو دشمن میرا کیا بگاڑ سکتے ہیں

افضل بدارین جز تو ندارد

دونوں جہاں میں افضل کا آپ کے سوا کوئی نہیں ہے

اَنَا جَیِّد قُلْتَ یا شاہ جیلاں

کیوں کہ آپ نے فرمایا کہ میں جیّد ہوں

(۶۳)

حشر صحنے زبادگاہ منست ہول و حرماں توسازجا منست

حشر کا جو صحن ہے وہ میری عبادتگاہ ہے خوف و پریشانی میری جائے پناہ کا سامان ہے

صاعقہ در جہاں کہ می نگری شرارے از شرار آہ منست

دنیا میں جو بجلی تو دیکھ رہا ہے وہ میری آہ کی چنگاریوں میں سے ایک چنگاری ہے

کشتیٔ عمر لنگرے نگرفت سیل اشکم دلیل راہ منست

میری عمر کی کشتی اس وقت تک لنگر انداز نہیں ہوتی جب تک کہ میرے آنسوؤں کا سیلاب میرے راستے کی دلیل نہیں بنتا

نازنیناں نثار یار وفا فوج انجم بگرد ماہ منست

نازنیناں یار پر نثار ہیں اور ستاروں کی فوج میرے چاند کے اطراف ہے

از درخویشتن برانی اگر در دو عالم الحجا پناہ منست

اور حشر کے سامنے آپ کی شکایت لے جاؤں گا اور قیامت کا میدان میرے لیے انصاف گاہ ہے

پیش داور ببرم شکایت تو عرصہ حشر دادگاہ منست

آپ سر سے پاؤں تک عالم کی جان ہیں اور میری نگاہ میں رشکِ خلد ہیں۔

اے سراپا دو عالم جانی روکش خلد در نگاہ منست

آپ سر سے پاؤں تک عالم کی جان ہیں اور میری نگاہ میں رشکِ خلد ہیں

افضلا یار من رسید امشب کشش آہ صبحگاہ منست

اے افضل میرا دوست آج کی شب میرے پاس آگیا میری صبح کی آہ کا یہ اثر ہے۔

۳۷

غوثِ اعظم از ہمہ اغواث برتر جائے تو　　از دل و جاں بر تو قربانست ایں شیدائے تو

اے غوثِ اعظم آپ کا مقام تمام اغواث سے برتر ہے یہ شیدا آپ پر دل و جان سے قربان ہے

مظہرِ جملہ تجلیاتِ یزدانی شدی　　فیض بخشِ عالمِ امکاں وسیمائے تو

آپ اللہ تعالیٰ کے جملہ تجلیات کے مظہر ہیں آپ کی پیشانی کا چاند عالمِ امکان کو فیض بخشنے والا ہے۔

قادرا قدرت تو داری بر جمیع کائنات　　عالمِ امر ست در تنظیم از ایمائے تو

اے قادر آپ ساری کائنات پر قدرت رکھتے ہیں عالمِ امر کی تنظیم آپ کی ایما پر ہے۔

با گروہِ انبیاء اوتیتنا چوں فرمودہ　　عقل حیران ست اندر رتبہ والائے تو

آپ نے گروہِ انبیاء سے اوتیتنا کہا ہے　　آپ کے اس مرتبہ اور درجہ پر ہماری عقل حیران ہے

اقتدارِ کُن تو داری اِذنِ مطلق کار تو　　اے قبائے بے مثالی راست بر بالائے تو

آپ کو کُن کا اختیار حاصل ہے اور اِذنِ مطلق آپ کا کام ہے۔ بے مثالی کی قبا آپ پر موزوں ہوا ہے

تو شہنشاہِ جمیع اولیاء بے ریب و شک　　لاتقیسونی علیٰ احدٍ چو باشد رائے تو

بے شک آپ تمام اولیاء کے شہنشاہ ہیں جبکہ آپ نے فرمایا کہ ’مجھ کو کسی اور پر قیاس مت کرو‘

افضلا بر وعدۂ افعل بشارت آمدہ

اے افضل آپ کے ارشاد ”افعل“ پر خوشخبری ہے

کافی دارین بودہ ملجا و ماوائے تو

تمہارے ملجا و ماویٰ دونوں جہاں میں تمہارے لئے کافی ہیں

(۹۰)

خدارا ساقیا پیمانہ دردہ  شراب جوشش مستانہ دردہ
خدا کے واسطے اے ساقیا پیالہ عطا فرما اور مست بنانے والی جوشیلی شراب عطا فرما

صبا با گلعذارِ من خبر کن  ز بلبل شورش افسانہ دردہ
اے صبا میرے معشوق کو اسکی اطلاع دے کر وہ شور جو بلبل کے افسانہ کا ہے مجھے مل جائے

بمیدانِ بلائے ہجر دلبر  بجان خویش مردانہ دردہ
دلبر کی جدائی کے میدان میں مجھے ہمت مردانہ عطا فرما

بہ نقد جان خریداری بفرما  بخندہ اولاً بیعانہ دردہ
جان کی نقدی خریداری عطا فرما اور اس سے پہلے تبسم کا بیعانہ عطا کر

اگر کس دولت جاوید خواہد  بگو جان در پئے جانانہ دردہ
اگر کوئی ہمیشگی کی دولت چاہتا ہے تو کہہ دے کہ معشوق کے واسطے اپنی جان دیدے

نثار شیخ رو جان کرد افضل
شیخ رو پر افضل اپنی جان نثار کرتا ہے

۲۹

جاناں دمے بیا و بنگر مبتلائے تو
آخر بجاں رسید ز جور و جفائے تو

اے محبوب تھوڑی دیر کیلئے آئیے اور آپ کے شیدا کو دیکھئے آپ کی جور و جفا سے وہ قریب مرگ ہے۔

در عرصہ گاہ حشر چو آئی بصد خرام
مایم و دست و دامن زریں قبائے تو

جب آپ میدان حشر میں پورے ناز کے ساتھ تشریف لائیے تو ہم ہونگے اور آپ کا زریں دامن ہمارے ہاتھ میں ہوگا

پردہ ز رخ بکش و نما روئے روشنت
یارائے صبر نیست مرا در ہوائے تو

پردہ اپنے چہرہ سے ہٹائیے اور روشن چہرہ دکھائیے آپ کی محبت میں مجھے اب صبر کی طاقت نہیں ہے۔

سر وجود عالمیان و عیان خلق
تو جانِ عالمی ہمہ جانہا فدائے تو

مخلوق اور دونوں عالموں کے وجود کا راز آپ ہیں اور آپ عالم کی جان ہیں اور آپ پر سب کی جان فدا ہے۔

بنگر چہا بامت مرحومہ می رود
تا کہ بسایۂ بنوازد ہمائے تو

دیکھئے امت مرحومہ پر کیا گذر رہی ہے ۔ آپ کے ہما کا سایہ اس پر کب پڑے گا۔

افضل بدر نمود سر غیر دلبرا

اے افضل دلبر کے غیر کا خیال دل سے نکال دو

تا روز رستخیز بود در وفائے تو

تاکہ قیامت کے دن آپ وفاداروں میں رہیں

۵۸

خواہم کہ بہ بینم رُخِ ماہ مدنی را ۔۔۔ ایں آرزو بر آر خدایا دکنی را

میں ماہ مدنی کے رُخ کو دیکھنے کی آرزو رکھتا ہوں اللہ سے کہ اس دکن میں رہنے والے کی آرزو پوری ہو جائے

صد ولولہ ارزد بجان و دلِ شیدا ۔۔۔ بر دل چہ رود پرسی اویسِ قرنی را

میری جان و دل میں سیکڑوں خواہشیں ہیں ۔۔۔ دل پر کیا گزرتا ہے اویس قرنی سے پوچھو

باید نہ مرا باغِ بہشت و سرِ طوبیٰ ۔۔۔ زاں روز کہ دیدم قدِ سروِ چمنی را

جب سے کہ میں چمن کے سرو کا قد (یعنی حضورؐ کو) دیکھا ہوں نہ جنت کی خواہش ہے نہ طوبیٰ کی خواہش

از غمزۂ تو جانِ جہانے شدہ مجروح ۔۔۔ تا چند بداری سرِ ناوک فگنی را

آپ کے ناز و ادا سے ایک جہاں کی جان زخمی ہے تو آپ کب تک ایسا کرتے رہیں

تا کی بکنی وعدہ تماشا ز رقیباں ۔۔۔ تا چند کنی عادتِ خوردہ شکنی را

ہماری سوزش کو کب تک رقیبوں کے لیے تماشہ بنائے رکھیں گے اور کب تک چھوڑوں کو مارنے کی عادت رہے گی

اے واعظِ بے مغز چہ دانی بہ حقیقت ۔۔۔ دانیم تہی کاسۂ شیریں سخنی را

اے کم عقل واعظ تو حقیقت کو کیا جانتا ہے ہم جانتے ہیں کہ میٹھی باتیں کرنے والوں کا پیالہ خالی رہتا ہے

افضل کہ بجاں آمدہ از فرقت و دوری

جدائی کے درد سے افضل کی جان لب پر آچکی ہے

کس عرضہ دہد شاہِ حجازی یمنی را

کوئی میرا معروضہ شاہِ حجاز و یمنؐ کو پہنچا دے

۳۱

ساقی قدحے دردہ از لطف کریمانہ　　سر در قدمت آرم اندر پئے شکرانہ

اپنی مہربانی سے ایک پیالہ عطا فرمائیے۔ میں شکرانہ میں اپنا سر تیرے قدموں پر رکھ دونگا

ابر ست ہوائے خوش طرف چمن بوئے　　گل رو تو بیا باشد تا نعرۂ مستانہ

چمن کی ہوا خوشبو لئے ہوئے اور سماں ابر آلود ہے اے خوب رو تو آ تاکہ مستانہ نعرہ لگائیں۔

در حسن بیکتائی مشہور جہاں گشتی　　فرمانہ چرا باشم قربان تو جانانہ

بے شک حسن میں آپ دنیا بھر میں شہرت رکھتے ہیں فرمائیے کہ آپ پر کیوں نہ میری جان تصدق ہو

بر شاہ بتاں مائل ورد روز ازل گشتم　　گو از نظر معنی دنیا ست پری خانہ

میں روز ازل ہی سے حسینوں کے بادشاہ پر مائل ہوں اگرچہ کہ دنیا معنی کے اعتبار سے پری خانہ ہے

افضل بگزیں عشقے کاں یار بود باقی

اے افضل اُس سے محبت کر جو باقی رہنے والا ہے

زنہار کہ از فانی داری سر یارانہ

ہرگز ہرگز فنا ہونے والے سے دوستی نہ رکھ

نباشد در دو عالم جایگاہے جز پناہ تو — مقر اندر سقر باشد کسے را تو بگردانی

آپ کی پناہ کے سوا دونوں عالم میں کوئی جائے پناہ نہیں ہے اگر آپ کسی کو اپنے در سے لوٹا دیں تو اس کا مقام دوزخ ہوگا

تو بگزیں اے دل عاقل ولائے شاہد بطحا — بحسرت ورنہ خواہی وقت آخر عالم فانی

شاہد بطحا کی محبت کو اے عقل مند دل حاصل کر ورنہ تجھے عالم فانی سے گزرتے ہوئے حسرت ہوگی

بہ دہ بالے عطا فرما دیار مصطفیٰ بیند

اے اللہ پر وبال (سر و سامان) عطا فرما تاکہ وہ دیار مصطفیٰ دیکھے

خدایا عاجز افضل آوردہ از عذر سامانی

یہ عاجز افضل بے سروسامانی کا عذر لایا ہے

حضرت خواجہ عبدالوحید المعروف ابولبیان سبحانی شاہ بیابانی رفاعی القادری.

۳۳

نورِ مطلق مددے جلوۂ سبحان مددے　　خضرِ راہم مددے عیسیٰ دوراں مددے

آپ اللہ کے نور ہیں اللہ تعالیٰ کے جلوہ کے مظہر ہیں آپ میری مدد فرمائیے آپ ہمارے راستہ کے خضر اور ہمارے زمانے کے مسیحا ہیں

یار از نازِ شکر خواب کہ از خلوتیاں　　راہ بستند مرا ہمتِ مرداں مددے

دوست ہمارا میٹھی نیند میں ہے اور خلوتیوں نے ہمارے راستہ کو روک رکھا ہے اے ہمت مردانہ مدد فرما۔

در ہوائے تو برقصیم بسانِ ذرہ　　آفتابا بکرم بر منِ حیراں مددے

آپ کی محبت میں ہم ایک ذرہ کی مانند چمک رہے ہیں اے آفتاب اپنے کرم سے ہماری مدد فرما۔

در ترنم دل و جانم بود صبح و مسا　　افضلِ اہلِ زماں سرورِ دوراں مددے

رات دن ہماری جان آپ ہی کے محبت کے راگ الاپ رہی ہے اے زمانے کے افضل اور اپنے دور کے سرور ہماری مدد فرمائیے

حرزِ جاں نامِ ترا افضل شیدا دارد

افضل آپ کے نام کو اپنے جان کی تعویذ بنایا ہوا ہے

دمِ آخر ز کرم اے شہِ خوباں مددے

اے شہِ خوباں اپنے کرم سے دمِ آخر ہماری مدد فرمائیے

## ۵۵

گذر نمائے خدارا بگور ما روزے — مگر خاک راہ است شور ما روزے

خدارا ہماری قبر پر کبھی تو آئیے۔ — ہمارا جنون آپ کے راستے کی خاک ہے۔

بہ ہر کار بجانست المدد اے شوق — کجاست جلوہ دہ گو بہ حور ما روزے

اے شوق ہر کام میں دل وجان سے تیری مدد کی ضرورت ہے — کسی روز یہ تو بتلا کہ وہ جلوہ دکھانے والی حور کہاں ہے

چو عشق ما اثرے داشتے بہ گوش وے — قرین صدق شدے قول زور ما روزے

کسی روز ہمارا عشق اگر کچھ اثر کرتا تو ہمارا — جھوٹا قول بھی ان کے کانوں کو سچ پاتا

بگو چو موسیٰ عمران ہزار جمع شوند — تماشہ گاہ ما زند طور ما روزے

کسی روز ہماری تماشہ گاہ میں وہ طور کا جلوہ ہو گا — کہ موسیٰ عمران کا گروہ ہزاروں جمع ہو جائیں گے۔

کجاست یوسف ما عمر شد بہ یعقوبی — الٰہی باز نما ساز نور ما روزے

ہماری عمر یعقوبی کو پہنچ چکی ہے ہمارا یوسف کہاں ہے الٰہی ہم کو ایک روز پھر اس نور کو دوبارہ دکھلا۔

بدولت دو جہاں سر فرو نمی آرم — اگر کشادہ شود چشم کور ما روزے

اگر میری نابینا آنکھ روشن ہو جائے تو میں دنیا — کی دولت کی طرف آنکھ اٹھا کر نہ دیکھوں

یمین خضر شود اتصال آں کشاکش کار — قرین جان شود راہ دور ما روزے

اگر کسی روز خضر میرے ساتھ کارساز ہو جائیں — تو دور کا راستہ بھی قریب ہو جائے گا۔

## ۳۵

صبا شمع مزار من چہ کردی　بکیں مشتِ غبار من چہ کردی
اے صبا تو نے میرے مزار کے شمع کو کیا کیا　دشمنی سے میرے مشت بھر مٹی کو کیا کیا

دلا بر روئے تو پروانہ گشتم　بگو صبر و قرار من چہ کردی
اے دل میں تیرا پروانہ بنا　اور کہہ کہ میرے صبر و قرار کو کیا کیا

بموت احمر ہجراں فگندی　بحال سوگوار من چہ کردی
ہجر کی سرخ موت کو میرے سر پر مسلط کر دیا　محو سوگوار کے حال پر تو نے کیا کیا۔

بگشتہ تودہ خاکستر وجودم　بجاں سوز و شرار من چہ کردی
میرا وجود خاک کا ڈھیر بن گیا ہے　میری جان میں تم نے کیا سوز و شرار پیدا کر دیا

بگور من گزر گاہے نہ کردی　چہ کردی غمگسارِ من چہ کردی
کبھی تو میرے مزار پر آیا نہیں　کیا کیا اے میرے غم گسار تو نے کیا کیا۔

براہت اوفتادہ عاشق زار　ترحم شہسوار من چہ کردی
عاشق زار ترے راستے میں پڑا ہوا ہے　رحم کر لے میرے شہسوار تو نے کیا کیا

بہ شب سودا بہ روز امید جلوہ　بگو لیل و نہار من چہ کردی
رات میں دیوانگی اور دن میں آپ کے دید کی امید　میرے رات اور دن کو تو نے کیا کر دیا

بجاں افضل رسید آخر ز فرقت　نگاہ رحم یار من چہ کردی
آخر افضل آپ کی جدائی میں جان جاتا رہا　اے میرے رحم کی نگاہ والے دوست تو نے کیا کیا

۵۳

برباد کرد شاہد رعنا ہوائے تو　　رحمے نما بیا بنگر مبتلائے تو

شاہد رعنا کی محبت نے مجھے برباد کیا رحم کیجئے اور اپنے پریشان حال کو دیکھ لیجئے۔

زاں دم کہ جلوہ دار متاع غرور ناز　　جز نقد جان و دل چہ دہد بینوائے تو

